SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

**PRESS RELEASE**

For immediate release

October 24, 2024

# ایس ای سی پی نے کوڈ آف کارپوریٹ گورنینس اور پوسٹل بیلٹ میں ریگولیٹری اصلاحات پر فیڈبیک طلب کرلیا

اسلام آباد، 24 اکتوبر: ایس ای سی پی نے لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورنینس) ریگولیشنز 2019 اور کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز 2018 میں ترامیم پر فیڈبیک طلب کرلیا۔ ترامیم کا مقصد آزاد ڈائریکٹرز کے لیے شئیر ہولڈنگ کی حد مقرر کرنا، ڈائریکٹرز اور پراکیسز کے انتخاب کے لیے نامزدگیوں کو قبول یا مسترد کرنا اور متعلقہ اصلاحات میں شفافیت لانا ہے۔

اس سے قبل ایس ای سی پی نے شفافیت بڑھانے اور شئیر ہولڈرز کی میٹنگ بہتر انداز میں منعقد کرنے کے حوالے سے ماہرین اور اسٹیک ہولڈرز پر مشتمل ایک کمیٹی تشکیل دی تھی۔ ایس ای سی پی نے کمیٹی کی رپورٹ، سفارشات اور اس کے بارے میں حاصل کردہ رائے کی روشنی میں ان اصلاحات کا آغاز کیا ہے۔

مجوزہ اصلاحات کی تفصیلات اور تاثرات ایس ای سی پی کی ویب سائٹ پر ڈال دیئے گئے ہیں۔

https://tinyurl.com/4ek75c8e

ایس ای سی پی شیئر ہولڈرز کے حقوق کی تقویت، کارپوریٹ گورنینس میں بہتری اور شفافیت بڑھانے کے اقدامات کو اپنانے کی لیے کوشاں ہے۔ تمام اسٹیک ہولڈرز خصوصی طور پر لسٹڈ کمپنیز سے مجوزہ ترامیم کے بارے میں قیمتی آراء فراہم کرنے کی درخواست کی جاتی ہے۔

یہ آراء shareholder.committee@secp.gov.pk پر ای میل کی جاسکتی ہیں۔